# نقشہ سحر وافطار (راولپنڈی واسلام آباد شہر)

رمضان المبارک 1446ھ، مارچ 2025ء

| نام<br>دن | تاریخ عیسوی<br>مارچ | تاریخ قمری<br>رمضان | وقتِ طلوعِ فجر<br>انتہائے سحر | وقتِ غروبِ آفتاب<br>وقتِ افطار |
|---|---|---|---|---|
| اتوار | 02مارچ | 01 | 5:12 | 6:04 |
| پیر | 03 | 02 | 5:11 | 6:05 |
| منگل | 04 | 03 | 5:10 | 6:06 |
| بدھ | 05 | 04 | 5:09 | 6:07 |
| جمعرات | 06 | 05 | 5:07 | 6:08 |
| جمعہ | 07 | 06 | 5:06 | 6:09 |
| ہفتہ | 08 | 07 | 5:05 | 6:09 |
| اتوار | 09 | 08 | 5:04 | 6:10 |
| پیر | 10 | 09 | 5:02 | 6:11 |
| منگل | 11 | 10 | 5:01 | 6:12 |
| بدھ | 12 | 11 | 4:59 | 6:13 |
| جمعرات | 13 | 12 | 4:58 | 6:13 |
| جمعہ | 14 | 13 | 4:56 | 6:14 |
| ہفتہ | 15 | 14 | 4:55 | 6:15 |
| اتوار | 16 | 15 | 4:54 | 6:16 |
| پیر | 17 | 16 | 4:53 | 6:16 |
| منگل | 18 | 17 | 4:51 | 6:17 |
| بدھ | 19 | 18 | 4:50 | 6:18 |
| جمعرات | 20 | 19 | 4:48 | 6:19 |
| جمعہ | 21 | 20 | 4:47 | 6:20 |
| ہفتہ | 22 | 21 | 4:45 | 6:21 |
| اتوار | 23 | 22 | 4:44 | 6:21 |
| پیر | 24 | 23 | 4:42 | 6:22 |
| منگل | 25 | 24 | 4:41 | 6:23 |
| بدھ | 26 | 25 | 4:39 | 6:24 |
| جمعرات | 27 | 26 | 4:38 | 6:24 |
| جمعہ | 28 | 27 | 4:36 | 6:25 |
| ہفتہ | 29 | 28 | 4:35 | 6:26 |
| اتوار | 30 | 29 | 4:33 | 6:27 |
| پیر | 31 | 30 | 4:32 | 6:27 |

باسمہٖ تعالیٰ

# نقشہ اور روزہ سے متعلق چند اہم باتیں

اس نقشہ میں دیئے گئے سحر وافطار کے اوقات میں احتیاط شامل نہیں ہے، اس لئے احتیاط یہ ہے کہ معیاری وقت کے مطابق سحری چند منٹ پہلے بند کردی جائے، اور افطار میں چند منٹ بعد کی احتیاط شامل کی جائے۔

**مسئلہ:......** سحری کا وقت طلوعِ فجر یا صبح صادق پر ختم ہوجاتا ہے، اور روزہ کا وقت شروع ہوجاتا ہے، مذکورہ نقشہ میں جو انتہائے سحر کا وقت دیا گیا ہے، وہ ٹھیک طلوعِ فجر یا صبح صادق کا وقت ہے، اس کے بعد سحری کے عنوان سے کچھ کھانا پینا درست نہیں، خواہ کسی جگہ فجر کی اذان بھی نہ ہوئی ہو، اور بعض لوگوں کا طلوعِ فجر کے اصل وقت کو نظر انداز کر کے بلکہ طلوعِ فجر ہونے کے بعد بھی فجر کی اذان شروع ہونے یا ختم ہونے تک سحری کے عنوان سے کھاتے پیتے رہنا درست نہیں، اس سے روزہ ضائع ہوجاتا ہے۔

**مسئلہ:......** روزہ کا وقت طلوعِ فجر سے شروع ہوکر سورج غروب ہونے تک جاری رہتا ہے، اس پورے وقت میں عبادت کی نیت سے کھانے پینے اور جنسی خواہشات سے رُکے رہنے کا نام روزہ ہے۔

**مسئلہ:......** روزہ کی نیت دل سے کرنا ضروری اور کافی ہے، زبان سے الفاظ ادا کرنا ضروری نہیں، اور اسی طرح افطار کے وقت زبان سے مخصوص الفاظ ادا کرنا ضروری نہیں، البتہ بعض دعائیں مسنون ہیں۔

**مسئلہ:......** بھول کر کھانے پینے یا خود بخود قے ہوجانے، یا آنکھ میں دوا ڈالنے یا جسم سے خون نکلوانے یا چڑھوانے یا جسم کے کسی حصہ سے خون نکلنے یا ٹیکہ اور ڈرپ لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، البتہ روزہ کی حالت میں بلا عذر طاقت کا ٹیکہ یا ڈرپ لگوانا مکروہ عمل ہے۔

**مسئلہ:......** روزہ کی حالت میں جھوٹ، غیبت، گالی گلوچ، لڑائی جھگڑے، بدنظری اور اس قسم کے دوسرے گناہوں سے بچنا انتہائی ضروری ہے، ورنہ روزہ کی نورانیت اور قبولیت ضائع ہوجاتی ہے، اگرچہ روزہ کا فریضہ ادا ہوجاتا ہے۔

**مسئلہ:......** سحری اور افطاری میں بطورِ خاص رزقِ حلال کا اہتمام اور رمضان کے بابرکت مہینہ میں حرام خوری سے اجتناب کرنا چاہیے۔

تفصیل کے لئے ہماری کتاب "ماہِ رمضان کے فضائل واحکام" ملاحظہ فرمائیں۔


**جاری کردہ: ادارہ غفران، راولپنڈی**

فون 051-5507530